ہدایت نامہ برائے مریضاں

سینے کا ایکس رے



PGS/RAD/102/01/U

میرے معائنے کے نتائج کے بارے میں کون بتائے گا اور میں یہ کیسے حاصل کروں گا/ گی؟

ایک ریڈیالوجسٹ آپ کے معائنے کے نتائج کا تجزیہ کرے گا اور اپنے دستخطوں کے ساتھ یہ رپورٹ آپ کے پرائمری کیئر سنٹر یا آپ کو اس معائنے کے لئے بھیجنے والے فزیشن کو روانہ کرے گا۔ پرائمری کیئر یا ریفر کرنے والا فزیشن ہی آپ کو آپ کے معائنے کے نتائج سے آگاہ کرے گا۔ کسی ایمرجنسی کی صورت میں اس پروسیجر کے نتائج فوری طور پر آپ کے فزیشن کو معائنے کیلئے دستیاب ہوسکتے ہیں۔

ہمارا مشن

"ہمارا مشن ایک مثالی ادارہ کے طور پر کام کرتے ہوئے جدید علاج اور مرض کی شدت کم کرنے کے طبی طریقوں کے ذریعے کینسر میں مبتلا مریضوں، قطع نظر کہ وہ اخراجات ادا کرسکتے ہیں یا نہیں، کو جدید معالجاتی سہولیات اور خدمات فراہم کرنا، نیز طبّ سے وابستہ اور عام افراد کی تعلیم و تربیت اور کینسر کی وجوہات اور اس کے علاج پر تحقیق کرنا ہے۔"

شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سینٹر

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
Karachi Diagnostic Centre and Clinic
DDCH1, 1st Street, Phase VII Extension DHA, Karachi, Pakistan
Tel: +92 21 3531 8495-99 | UAN: +92 (21) 111 756 756
www.shaukatkhanum.org.pk

سینے کا ایکس رے کیا ہے؟

ایکس ریز میڈیکل ایمجنگ کا سب سے پُرانا اور سب سے زیادہ استعمال کیا جانے والا طریقہ ہے۔ یہ ایک ایسا میڈیکل ٹیسٹ ہے جس میں کسی بھی نوعیت کا کوئی درد نہیں ہوتا اور جس کی مدد سے فزیشنز کسی بیماری کی تشخیص اور اس کا علاج کرتے ہیں۔ اس طریقے میں جسم کا کوئی مخصوص حصہ ریڈی ایشن کی ایک محدود اور محفوظ مقدار کے سامنے رکھا جاتا ہے اور جسم کے اندرونی اعضا کی تصاویر حاصل کی جاتی ہیں۔ سینے کے ایکس رے کی مدد سے دل، پھیپھڑوں، ہوا کی نالی، خون کی شریانوں، سینے میں موجود ہڈیوں اور ریڑھ کی ہڈی کے امیجز حاصل کیے جاتے ہیں۔

مجھے اس پروسیجر کی ضرورت کیوں پیش آئی ہے؟

آپ کے فزیشن نے غالباً آپ کو سینے کا ایکس رے کروانے کا مشورہ اس لئے دیا ہے تاکہ پھیپھڑوں، دل اور سینے کا معائنہ کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ دیگر بیماریوں کی تشخیص کیلئے بھی یہ پروسیجر کیا جاسکتا ہے جیسے سانس لینے میں دشواری، لگاتار کھانسی، سینے کا درد اور بخار وغیرہ۔ ڈاکٹرز عموماً جن بیماریوں کی تشخیص اور علاج کیلئے سینے کا ایکس رے کرتے ہیں ان میں نمونیا، دل کے امراض کے ساتھ ساتھ پھیپھڑوں کا کینسر بھی شامل ہے۔

مجھے اس پروسیجر کیلئے کیسے تیار ہونا ہے؟

اس پروسیجر کیلئے کسی خاص تیاری کی ضرورت نہیں ہوتی۔ پروسیجر کے دوران آپ سے کہا جاسکتا ہے کہ ایک گاؤن پہن لیں۔ آپ کو اپنے جسم پر موجود دھات سے بنی ہوئی سبھی چیزیں اتارنا ہوں گی جیسے زیورات‘ عینک‘ مصنوعی دانت اور بالوں میں لگائی جانے والی پنیں۔ یاد رکھیں کہ دھات سے بنی ہوئی چیزیں ایکس رے سے بننے والے امیجز کو متاثر کرتی ہیں اور امیجز واضح نہیں رہتے اس لئے معائنے سے پہلے ان کو جسم سے الگ کردینا ضروری ہے۔ خواتین مریضوں میں سے اگر کوئی حاملہ ہو یا اسے احتمال ہو کہ وہ حاملہ ہوسکتی ہے تو اسے اس بارے میں بھی ڈاکٹر یا ٹیکنالوجسٹ کو ضرور آگاہ کرنا چاہئے کیونکہ ایکس ریز پیٹ میں موجود بچے کو نقصان پہنچاسکتی ہیں۔ اس صورتحال میں اگر ایکس رے بہت ضروری ہوا تو پھر ایکس رے کے دوران ایسے اقدامات عمل میں لائے جائیں گے جس سے بچے پر کم سے کم ریڈی ایشن پڑے۔

یہ پروسیجر کیسے کیا جائے گا؟

عموماً سینے کے ایکس رے امیجز دو اطراف سے لئے جاتے ہیں، ایک پچھلے حصے سے اور ایک سائیڈ سے۔ آپ سے کہا جائے گا کہ ایک امیج ریکارڈنگ پلیٹ کے سامنے کھڑے ہو جائیں۔ پچھلے حصے کے امیجز حاصل کرنے کیلئے ٹیکنالوجسٹ آپ کے ہاتھوں کو کولہوں پر رکھے گا اور سینے کو پلیٹ پر رکھ کر دباؤ ڈالے گا۔ ایک سائیڈ کا امیج حاصل کرنے کیلئے آپ کو کہا جائے گا کہ اپنے ہاتھ اوپر اٹھالیں اور سائیڈ کو پلیٹ پر رکھیں۔ اگر آپ کھڑے نہیں ہوسکتے تو اس صورت میں آپ کو ایک میز پر لٹا کر ایکس رے امیجز حاصل کیے جائیں گے۔ اس کے بعد آپ سے کہا جائے گا کہ چند سیکنڈ کیلئے اپنی سانس روک کر بالکل ساکت رہیں تاکہ مطلوبہ امیجز حاصل کیے جاسکیں۔ آپ کا ٹیکنالوجسٹ اس دوران دوسرے کمرے میں چلا جائے گا اور مشین کو چلائے گا۔ اس عمل کے مکمل ہونے پر آپ کا ریڈیالوجسٹ آپ سے کچھ دیر انتظار کرنے کو کہے گا تاکہ وہ تجزیہ کرکے یہ پتہ چلا سکے کہ جو امیجز حاصل کئے گئے ہیں وہ قابل معائنہ ہیں۔ یہ سارا عمل عام طور پر 15 منٹ میں مکمل ہوجاتا ہے۔

اس عمل کے دوران مجھے کیسا محسوس ہوگا؟

سینے کا ایکس رے ایک غیر تکلیف دہ عمل ہے البتہ معائنے کی سخت میز پر ساکت لیٹنے سے آپ کچھ بے سکونی محسوس کرسکتے ہیں۔ امیجز حاصل کرنے کیلئے آپ کا ٹیکنالوجسٹ آپ کو ہر ممکن حد تک آرام دہ پوزیشن میں لائے گا۔